10 ستمبر 2016ء

اسٹیٹ بینک نے عیدالاضحیٰ پر 161ارب روپے مالیت کے نئے کرنسی نوٹ جاری کیے

اسٹیٹ بینک آف پاکستان بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی بی ایس سی) نے عیدالاضحیٰ 2016ء کے موقع پر نئے کرنسی نوٹوں کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لیے تفصیلی انتظامات کیے جن میں عوام سمیت کئی اسٹیک ہولڈروں کو شامل رکھا گیا۔ اسٹیٹ بینک نے اِس سال مجموعی طور پر 161 ارب روپے کے کرنسی نوٹ جاری کیے جبکہ گذشتہ عیدالاضحیٰ پر 116 ارب روپے کے نئے کرنسی نوٹ جاری کیے گئے تھے۔ رواں سال جاری کیے گئے نئے کرنسی نوٹوں میں 100 روپے تک کے نوٹوں کی مجموعی مالیت تقریباً 20 ارب روپے تھی، جبکہ تقریباً 141 ارب روپے بڑی مالیت کے نوٹوں کی رہی، تاکہ بھاری ادائیگیوں اور اے ٹی ایم کے حوالے سے کمرشل بینکوں کی ضروریات کو پورا کیا جائے۔

عوام کو عیدالاضحیٰ سے قبل نئے نوٹوں کے زیادہ سے زیادہ اجرا کے لیے ایس بی پی بی ایس سی کے تمام 16 فیلڈ آفسز نے اپنے کاؤنٹرز استعمال کیے۔ اس کے علاوہ کمرشل بینکوں کو بھی چھوٹی مالیت والے نئے نوٹ جاری کیے گئے جن کی مجموعی مالیت 18 ارب روپے تھی۔ بینکوں نے یہ نوٹ عوام کو اور اپنے کھاتے داروں کو جاری کیے۔

****